HWDSB

خصوصی تعلیمی تقاضوں کے حامل طلباء کے لیے تبدیلی کی منصوبہ بندی

والد/والدہ/سرپرست ریسورس

تبدیلی کا پلان کیا ہے؟

- ایک تفصیلی اور ہم آہنگ پلان جو کہ آپ کے بچے کی کامیاب تعلیمی تبدیلی میں معاونت کرتا ہے۔
- یہ پلان آپ کے بچے کے انفرادی تعلیمی پلان (IEP) کا اہم حصہ ہے اور روزانہ، مختصر مدتی، اور طویل المدتی کاروائیوں پر مشتمل ہو سکتا ہے۔
- تبدیلی کی پلاننگ کا آغاز طالب علم کے اسکول میں اندراج کے ساتھ ہو جاتا ہے اور طالب علم کی جانب سے اسکول چھوڑنے تک اسکول کے کیرئیر میں جاری رہتا ہے۔

کیا آپ جانتے تھے؟

- یہاں آپ کا بچہ ٹرانزیشنز کی متعدد نوعیت کا سامنا کر سکتا ہے۔ ٹرانزیشنز میں درج ذیل شامل ہیں:
  - اسکول میں اندراج
  - گریڈز کے مابین
  - ایلمنٹری سے اسکینڈری اسکول
  - اسکینڈری سے پوسٹ اسکینڈری اسکول
  - طبی وجوہات یا نگہداشت، علاج کے باعث، یا کسی اور ادارے میں بحالی موصول کرنے کے بعد طویل غیر حاضری کے بعد اسکول میں واپسی
  - سرگرمیوں اور مقامات کے مابین
  - باقاعدہ کلاس سے خود پر منحصر تعیناتیاں
- ٹرانزیشن کا پلان آپ، آپ کے بچے، اسکول کے عملے اور بعض اوقات کمیونٹی ایجنسیز اور پوسٹ اسکینڈری شراکت داروں کے باہمی تعاون کے ساتھ تشکیل دیا جاتا ہے۔
- ٹرانزیشن کا پلان ان تمام طلبہ کے لیے تشکیل دیا جانا چاہیے جو انفرادی تعلیمی پلان (IEP) کے حامل ہیں خواہ وہ شناخت کاری، تعیناتی اور جائزہ کمیٹی (IPRC) کی جانب سے غیر معمولی شناخت کیے گئے ہوں یا نہیں۔

آپ کا کردار کیا ہے؟

- متعلقہ معلومات کا اسکول عملے کے ساتھ اشتراک کریں جو آپ کے بچے کی ٹرانزیشن میں معاونت کریں گی۔ معلومات میں کامیاب حکمت عملیاں یا کمیونٹی ایجنسیز کی جانب سے معاونت شامل ہو سکتی ہے۔
- اپنے بچے کی IEP میٹنگز میں شرکت اور ٹرانزیشن پلان کے بارے میں فیڈ بیک کی فراہمی۔
- آپ کے بچے کی ٹرانزیشنز کے دوران تیاری اور تعاون کے لیے اسکول عملے کے ساتھ اشتراک کاری۔
- اگر آپ کے پاس اپنے بچے کے ٹرانزیشن پلان کے بارے میں کوئی سوالات ہیں تو اپنے بچے کے ٹیچر سے دریافت کریں۔

بشمول ٹرانزیشنز پلانز، خصوصی تعلیم سے متعلق موضوعات کے بارے میں تفصیلی معلومات کے لیے برائے مہربانی HWDSB کی خصوصی سروسز کی معلوماتی ویڈیو سیریز ملاحظہ کریں۔

یہاں مزید جانیئے www.hwdsb.on.ca/about/special-education

تجسس • تخلیقی صلاحیت • امکان